LEVEL CROSSING REMOVAL PROJECT

تعمیراتی کام کے متعلق اطلاع

جنوری میں ہفتے کے ساتوں دن 24 گھنٹے تعمیراتی کام

ہم Melton میں چار خطرناک سڑکوں یعنی Melton میں Exford Road،Coburns Road اور Ferris Roadپر، اور Truganina میں Hopkins Road پر لیول کراسنگز ہٹا رہے ہیں تاکہ اگلے سال میں کوئی بوم گیٹس باقی نہ رہیں۔ ہم ایک جدید Melton Station بھی تعمیر کر رہے ہیں جہاں سب لوگوں کا پہنچنا آسان ہو گا۔

ہم کیا کر رہے ہیں

ہم **منگل 13 جنوری کو صبح 7 بجے سے لے کر ہفتہ 24 جنوری کو صبح 4 بجے تک** روزانہ 24 گھنٹے Coburns Road کے مغرب سے لے کر Toolern Creek تک ریل کوریڈور میں اور اس کے آس پاس کام کریں گے تاکہ:

- ریل کے پل پر کام اور نئے Melton Station کی تعمیر جاری رہے
- پٹریوں کی تعمیر اور مینٹیننس کی جائے
- سگنلنگ انفراسٹرکچر لگایا جائے، نکاسی کا نظام اور زیر زمین سروسز تیار کی جائیں۔

ہم **جنوری** میں وقتاً فوقتاً Staughton Street اور James Melrose Drive کے درمیان Coburns Road کو بھی بند کریں گے تاکہ نئے ریل کے پل کی تعمیر جاری رکھی جائے۔ ڈی ٹورز (متبادل راستے) مہیا ہوں گے۔ اس خلل کے عرصے میں سڑک بند ہونے کی تاریخیں اور اوقات **levelcrossings.vic.gov.au/melton** پر دیکھیں۔ براہ مہربانی اگلے صفحے پر نقشہ دیکھیں۔

جس دوران ہم یہ کام کر رہے ہیں، Ararat،Ballarat اور Maryborough لائنز پر سروسز میں تبدیلیاں آئیں گی اور **ہفتہ 10 جنوری کو رات 11 بجے سے لے کر جمعہ 23 جنوری 2026 کو آخری سروس تک** Southern Cross اور Bacchus Marsh سٹیشنوں کے درمیان ٹرینوں کی جگہیں بسیں/کوچز لے لیں گی۔

مزید معلومات اور اپنے سفر کی پلاننگ کے لیے **transport.vic.gov.au** دیکھیں۔ براہ مہربانی سفر کے لیے زیادہ وقت رکھیں۔

ہم کہاں اور کب کام کریں گے

مقام	تاریخ اور وقت	سرگرمی
Coburns Road کے مغرب سے لے کر Toolern Creek تک ریل کوریڈور میں اور اس کے آس پاس	**منگل 13 جنوری کو صبح 7 بجے سے لے کر ہفتہ 24 جنوری کو صبح 4 بجے تک**	• ریل کے پل پر کام جاری رہے گا • پٹریوں کی تعمیر اور مینٹیننس ہو گی • نئے Melton Station کی تعمیر جاری رہے گی • سگنلنگ انفراسٹرکچر لگایا جائے گا، نکاسی کے نظام اور زیر زمین سروس کی تیاری • وقتاً فوقتاً لینز بند ہوں گی
Staughton Street اور James Melrose Drive کے درمیانCoburns Road	**پیر 12 جنوری سے ہفتہ 24 جنوری تک صبح 9 بجے سے دوپہر 3 بجے تک، حسب ضرورت**	• نئے ریل کے پل کی تعمیر کے لیے Coburns Roadبند رہے گی

کیا ذہن میں رکھنا چاہیے

- تعمیراتی کام دن رات **24 گھنٹے** ہوں گے
- علاقے میں تعمیراتی گاڑیوں میں اضافہ، شور، ٹریفک کا گزر اور تعمیراتی کارکن ہوں گے

levelcrossings.vic.gov.au
1800 105 105 (کسی بھی وقت کال کر سکتے ہیں)
levelcrossings@bigbuild.vic.gov.au

انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں میں معلومات کے لیے 9209 0147 پر کال کریں۔

اگر آپ یہ معلومات معذوروں کے لیے آسان فارمیٹ میں لینا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کو سننے یا بولنے میں نقص کی وجہ سے مدد کی ضرورت ہے تو **relayservice.gov.au** دیکھیں۔

VICTORIA State Government
VICTORIA'S BIG BUILD

- رات کو کام کے دوران زیادہ روشنیاں ہوں گی
- ضرورت کے مطابق وقتاً فوقتاً لینز بند ہوں گی

آپ کو اس علاقے میں سفر میں مدد دینے کے لیے ٹریفک مینیجمنٹ اور سائنز مہیا ہوں گے۔ گھروں، کاروباروں اور سکولوں تک متبادل راستوں سے آنا جانا ممکن رہے گا۔

ہم تعمیراتی کام کو طے شدہ وقت پر مکمل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے تاہم تاریخوں اور اوقات میں تبدیلی ممکن ہے۔

مزید معلومات

پراجیکٹ کے متعلق مزید جاننے کے لیے **levelcrossings.vic.gov.au/melton** دیکھیں

ای میل پر اطلاعات لیتے رہنے کے لیے **levelcrossings.vic.gov.au/subscribe** پر سائن اپ کریں اور **Geelong–Ballarat–Melton Line** کے نیچے **Coburns and Exford roads, Melton** چنیں۔

سوالات پوچھنے یا مزید معلومات لینے کے لیے براہ مہربانی **levelcrossings@bigbuild.vic.gov.au** پر ای میل کریں یا آپ ہمیں **1800 105 105** پر ہفتے کے ساتوں دن، 24 گھنٹے کال کر سکتے ہیں۔

نیک تمناؤں کے ساتھ

Melton لیول کراسنگز کو ہٹانے کا پراجیکٹ

انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں میں معلومات کے لیے 9209 0147 پر کال کریں۔

हिंदी – Hindi	9209 0147	**Mga Tagalog – Tagalog**	9209 0147
Việt Ngữ – Vietnamese	9209 0147	**ਪੰਜਾਬੀ – Punjabi**	9209 0147

تازہ اطلاعات لینے کے لیے سائن اپ کریں
levelcrossings.vic.gov.au